تبصرے

سنن دارمی شریف :- تقطیع کلاں۔ ضخامت ۹۴۳ صفحات۔ کتابت طباعت بہتر۔
قیمت مجلد ۸ روپے۔ پتہ :- محمد سعید اینڈ سنز تاجران کتب قرآن محل مقابل مولوی مسافرخانہ۔ کراچی

سنن دارمی جو مشہور محدث ابو محمد عبداللہ ابن عبدالرحمٰن دارمی متوفی ۲۵۵ھ کی ترتیب و تالیف ہے۔ حدیث کی مشہور کتابوں میں ہے۔ یہاں تک بعض علماء نے اس کو صحاح ستہ میں شمار کیا ہے۔ اس کتاب میں جو احادیث ہیں ان کا انتخاب صاحب مشکوٰۃ المصابیح نے بھی کیا ہے۔ اس کے علاوہ اکابر محدثین اور خاص طور پر حضرت شاہ ولی اللہ نے کثرت سے اس کے حوالے دیئے ہیں۔ محمد سعید صاحب نے کتب احادیث کو اُردو کا جامہ پہنانے کا جو سلسلہ شروع کیا ہے یہ کتاب بھی اسی کی ایک کڑی ہے۔ اس میں ۳۴۵۶ احادیث ہیں۔ اس کی ترتیب ابوابِ فقہ کے مطابق ہے۔ چنانچہ اسی وجہ سے اس کو سنن کہا جاتا ہے ترجمہ صاف اور سلیس ہے۔ درمیان میں کہیں کہیں تشریحی نوٹ بھی ہیں جن سے اردو ترجمہ کی افادیت میں اضافہ ہو گیا ہے۔

شروع میں امام دارمی کے حالات وسوانح اور حدیث کے بعض مباحث کے متعلق تین مقدمے ہیں امید ہے کہ اس سلسلہ کی دوسری کتابوں کی طرح اس سے بھی اردو خواں حضرات خاطر خواہ فائدہ اٹھائینگے عام لکھے پڑھے لوگوں میں حدیث کا ذوق پیدا کرنے کے لیئے ضروری ہے کہ حدیث کی کتابوں کا اردو میں ترجمہ کر کے کم سے کم قیمت پر شائع کیا جائے۔

نصرۃ الباری فی بیان صحت البخاری :- از :- مولانا عبدالرؤف رحمانی۔ تقطیع خورد ضخامت ۲۴۴ صفحات کتابت طباعت بہتر۔ قیمت غیر مجلد ڈھائی روپے۔
پتہ :- عبدالرؤف رحمانی معرفت قاضی تبارک اللہ۔ بڑھنی بازار پوسٹ رامدت گنج۔ ضلع بستی